سوال

(07) عذر کی بنیاد پر اسقاط حمل کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرا سوال یہ کہ میری گود میں چار مہینے کی بچی ہے اور اب حمل ٹھر جانے کی وجہ سے میرے دودھ میں کمی آگئی ہے بچی کا پیٹ نہیں بھرتا بہت زیادہ پریشانی ہے تو کیا میں اپنے خاوند کے مشورے سے اسقاط حمل کروا سکتی ہوں کہ بچی کو اس پریشانی سے نجات دلاؤں ۔ براہ کرم قرآن وسنت کی روشنی میں جواب مطلوب ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رحم مادر میں جنین میں روح پھونکی جانے کے بعد اس کو ساقط کرنا ممنوع وناجائز ہے ۔ اللہ تعالیٰ نے اس سے منع فرمایا' ارشاد باری تعالی ہے :

وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ ۳۱ سورۂ بنی اسرائیل' 31

اور تم تنگدستی کے اندیشہ سے اپنی اولاد کو قتل مت کرو۔

روح پیدا ہونے سے پہلے حمل ساقط کرنا بھی انجام کے لحاظ سے قتل کی مانند ہے' لہٰذا بلاوجہ یہ بھی ممنوع وناجائز ہی ہے ۔

روح کب پیدا ہوتی ہے اس کے متعلق صحیح بخاری شریف میں حدیث پاک وارد ہے :

«حدثنا عبد اللہ حدثنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہو الصادق المصدوق إن أحدکم یجمع فی بطن أمہ أربعین یوما ثم یکون علقة مثل ذلک ثم یکون مضغة مثل ذلک ثم یبعث اللہ إلیہ ملکا بأربع کلمات فیکتب عملہ وأجلہ ورزقہ وشقی أم سعید ثم ینفخ فیہ الروح» (صحیح بخاری شریف کتاب الانبیاء' حدیث نمبر : 3036)

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' انہوں نے فرمایا سچے مصدوق رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا : یقینا تم میں سے کوئی اپنی ماں کے پیٹ میں چالیس دن نطفہ کی شکل میں رہتا ہے' پھر چالیس دن منجمد خون کی شکل میں رہتا ہے' پھر چالیس دن لوتھڑے کی شکل میں رہتا ہے' پھر اللہ تعالیٰ اس کے پاس چار کلمات کے ساتھ ایک فرشتہ بھیجتا ہے' وہ فرشتہ اس کا عمل' اس کی عمر' اس کا رزق لکھتا ہے اور یہ لکھتا ہے کہ وہ نیک بخت ہے یا بدبخت' پھر اس میں روح پھونکتا ہے ۔

اس حدیث پاک سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک سو بیس (120) دن میں روح ڈالی جاتی ہے، روح پھونکے جانے سے پہلے جبکہ حمل منجمد خون کی شکل میں ہو یا لوتھڑے کی حالت میں ہو تو حمل ساقط کرنے کی گنجائش چند اعذار کی بناء پر ہو سکتی ہے' مثلاًماں انتہائی جسمانی کمزوری سے دوچار ہے، حمل کا بوجھ برداشت کرنے کی طاقت نہیں رکھتی یا حاملہ یا بچہ کی جان جانے کا خطرہ ہو یا دودھ کی کمی کی وجہ سے موجودہ بچہ کی جان کو خطرہ ہو اور شوہر معاشی اعتبار سے دودھ کے لئے کوئی اور انتظام نہ کر سکتا ہو۔ ان صورتوں میں ایک سو بیس دن کی مدت سے پہلے اسقاط حمل کی گنجائش اس وقت نکل سکتی ہے جب کہ کوئی ماہر ڈاکٹر یہ تجویز پیش کرے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص19

محدث فتویٰ